NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

خصوصی تعلیم کا از سر نو تصور

نیو یارک کے عزیز مکین،

ایک سال سے تھوڑا پہلے، میں نے PS + You موضوع کی سطر کے ساتھ ایک خبرنامہ بھیجا تھا۔ میں اپنی خاص تعلیم مشاورتی کونسل کی ابتدا کے ساتھ معذور طلباء کے لیے اپنی خصوصی پروگرامنگ کی تاریخی توسیع کا اعلان کر رہا تھا۔

اب، مجھے ایک دلچسپ تازہ ترین خبر دیتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے: مشاورتی کونسل نے اپنی حتمی رپورٹ مرتب کر لی ہے۔ کئی گھنٹوں کی عمیق بحث اور تجزیے کے بعد، کونسل کے 52 اراکین جو - خاندانوں، برادری کے قائدین، حمایتیوں، طلباء، معلمین، اور بہت کچھ کی نمائندگی کرتے ہیں - نے سفارشات پیش کی ہیں جن میں شامل ہیں:

- اسکولوں اور اہلِ خانہ کے درمیان اعتماد کو مضبوط کرنا
- طلباء کے گھروں کے قریب خاص تعلیم پروگراموں میں سرمایہ کاری کو ترجیح دینا
- سوچ کو تبدیل کرنا اور اپنے کام میں معذور افراد کے ذاتی تجربات کو مزید شامل کرنا

ان سفارشات میں نمایاں تصور شمولیت ہے، اور جبکہ ابھی بہت کام باقی ہے لیکن مجھے ان اقدامات پر فخر ہے جو ہم پہلے سے ہی اٹھا رہے ہیں۔

کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے اپنے آٹسٹک طلباء کی بہتر مدد کے لیے، اس موسم خزاں میں ہم اپنے انتہائی مقبول Nest، Horizon اور AIMS پروگراموں کو اضلاع 5, 12 اور 14 میں توسیع دیں گے۔ Nest اور Horizon دونوں پروگرام، جو 12 گریڈ تک کے طلباء کے لیے خدمات انجام دیتے ہیں، متاثر کن نتائج ظاہر کیے ہیں (ان کی ہائی اسکول سندیافتگی کی اوسط شرح

95% ہے)، اور زیادہ سے زیادہ خاندان اندراج کے خواہاں ہیں۔ آپ Nest, Horizon اور AIMS کے بارے میں ہماری ویب سائٹ پر جان سکتے ہیں۔

ہم نے اپنے نئے مشمولی اور خود مختار لسانی آغاز کار کو تشکیل دیا ہے جہاں اصطلاحات کی لغت ہے جو شمولیت کو فروغ دیتا اور امتیازی رویوں کا مقابلہ کرتا ہے۔ چاہے آپ ایک معلم، والدین، یا برادری کے رکن ہیں، میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ ان وسائل کا جائزہ لیں اور اس سے ملنے والی رہنمائی کو طلباء کے ساتھ اپنے تعامل میں شامل کریں۔

آخر میں، میں کونسل کے اراکین کے شاندار کام کے لیے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اب جب ہم اپنے اسکولوں میں خاص تعلیم کا دلیری سے از سر نو تصور کر رہے ہیں، میں آپ کی لگن، شراکت داری، اور مہارت کے لیے شکر گزار ہوں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube page پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS اہلِ خانہ: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔